سوال

(301) بعد فرض نماز کے ہاتھ اٹھا کر دعا مانگنا

جواب

السلام عليكم ورحمة الله وبركاته

ایک مسجد کا امام بعد نماز فرض کے دونوں ہاتھ اٹھا کر دعا مانگا کرتا ہے۔ بعض لوگ آمین کہتے ہیں۔ بعض دعا ہی نہیں مانگتے۔ جو دعا نہیں مانگا کرتے وہ کہتے ہیں۔ بعد فرض کے ہاتھ اٹھا کر دعا مانگنا بدعت ہے۔ ایسے کے پیچھے نماز جائز نہیں کہتے ہیں۔ اب سوال یہ ہے کہ بعد فرض نماز کے ہاتھ اٹھا کر دعا مانگنا ثابت ہے یا بدعت ہے۔ ؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

بعد نماز فرض ہاتھ اٹھا کر دعا مانگنے کا ذکر دو روایتوں میں آیا ہے۔ جن کو حضرت میاں صاحب۔ دہلوی۔ نے اپنے فتوے میں نقل کیا ہے۔ گو وہ ضعیف ہیں مگر ضعیف حدیث کے ساتھ بھی جو فعل ثابت ہو وہ بدعت نہیں ہوتا ایسا تشدد کرنا اچھا نہیں۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد01 ص510

محدث فتویٰ